Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

NOHA & MARSIYA

Kis Noor Ki Majlis Mein Meri Jalwagari Hai

کس نور کی مجلس میں مری جلوہ گری ہے

Marsiya by Mir Zameer

Source: Urdu text: Urdu Wikisource (public domain). Roman Urdu and English: prepared by the Centre.

1

Kis noor ki majlis mein meri jalwagari hai	کس نور کی مجلس میں مری جلوہ گری ہے
Jis noor se pur noor ye noor-e-nazari hai	جس نور سے پر نور یہ نور نظری ہے
Aamad hi mein hairan qiyas-e-bashari hai	آمد ہی میں حیران قیاس بشری ہے
Ye kaun si tasveer tajalli se bhari hai	یہ کون سی تصویر تجلی سے بھری ہے
Go husn ka rutba nahin mazkoor hua hai	گو حسن کا رتبہ نہیں مذکور ہوا ہے
Mimbar mera ham martaba-e-Toor hua hai	منبر مرا ہم مرتبۂ طور ہوا ہے

In the gathering of what light do I now appear,
the light that fills with light the light of these eyes?
At its very coming human reckoning is bewildered:
what picture is this, so full of splendour?
Though the rank of this beauty has not yet been told,
my pulpit has become equal in rank to Sinai.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

2

Sad shukr ke majlis meri mushtaq-e-sukhan hai
صد شکر کہ مجلس مری مشتاق سخن ہے

Ye faiz-e-inayat-e-Husain aur Hasan hai
یہ فیض عنایات حسین اور حسن ہے

Phir josh-e-jawani pe meri taba-e-kuhan hai
پھر جوش جوانی پہ مری طبع کہن ہے

Ye quwwat-e-imdad-e-shah-e-tishna dahan hai
یہ قوت امداد شہ تشنہ دہن ہے

Naqqash mein ye sanat-e-tahreer nahin hai
نقاش میں یہ صنعت تحریر نہیں ہے

Tasveer dikhata hoon ye taqreer nahin hai
تصویر دکھاتا ہوں یہ تقریر نہیں ہے

A hundred thanks that my gathering longs to hear me;
this is the bounty of the kindness of Husain and Hasan;
my old wit is once more in the fire of youth;
this is the strength that the King with parched lips lends me.
No painter has such an art of drawing:
I am showing you a picture; this is no mere speech.

3

Naqqash to karta hai qalam le ke ye tadbeer
نقاش تو کرتا ہے قلم لے کے یہ تدبیر

Ik shakl nayi safha-e-qirtas pe tahreer
اک شکل نئی صفحۂ قرطاس پہ تحریر

Insaf karo kilk-e-zaban se dam-e-tahreer
انصاف کرو کلک زباں سے دم تحریر

Main safha-e-batin mein raqam karta hoon tasveer
میں صفحۂ باطن میں رقم کرتا ہوں تصویر

Sau rang se tasveer musawwir ne bhari hai
سو رنگ سے تصویر مصور نے بھری ہے

Rangini-e-mazmoon ki kahan jalwagari hai
رنگینیٔ مضموں کی کہاں جلوہ گری ہے

The painter takes up his brush and goes about it thus:
he draws a new form on the face of the paper.
Judge fairly: with the pen of my tongue, as I write,
I set down the picture on the page of the inner self.
The painter has filled his picture with a hundred colours,
but where in it is the brilliance of colourful themes?

Free to read, copy and share

4

Tasveer main us shakhs ki hoon tum ko dikhata
تصویر میں اس شخص کی ہوں تم کو دکھاتا

Jo saani-e-mahboob-e-ilahi hai kahata
جو ثانی محبوب الٰہی ہے کہاتا

Ik noor jo jaata hai to ik noor hai aata
اک نور جو جاتا ہے تو اک نور ہے آتا

Wajh-e-adam-e-saya-e-Ahmad hoon sunata
وجہ عدم سایۂ احمد ہوں سناتا

Tha baad Muhammad ke jo aaya Ali Akbar
تھا بعد محمد کے جو آیا علی اکبر

Tha Ahmad-e-Mukhtar ka saya Ali Akbar
تھا احمد مختار کا سایہ علی اکبر

I am showing you the picture of one
who is called a second beloved of God;
when one light goes, another light comes.
I will tell you why Ahmad cast no shadow:
Ali Akbar, who came after Muhammad,
Ali Akbar was the shadow of Ahmad the Chosen.

5

Yaan tak sukhan-e-taza kiya taba ne paida
یاں تک سخن تازہ کیا طبع نے پیدا

Wo noor Nabi aur Nabi noor Khuda ka
وہ نور نبی اور نبی نور خدا کا

Ye silsila-e-noor kahan ja ke hai pahuncha
یہ سلسلۂ نور کہاں جا کے ہے پہنچا

Akbar ko jo dekha to batao kise dekha
اکبر کو جو دیکھا تو بتاؤ کسے دیکھا

Wallah ziyarat ka sazawar hai Akbar
واللہ زیارت کا سزاوار ہے اکبر

Nemul badal-e-Ahmad-e-Mukhtar hai Akbar
نعم البدل احمد مختار ہے اکبر

So far has my wit brought forth fresh speech:
he is the light of the Prophet, and the Prophet the light of God;
how far this chain of light has reached!
When you have seen Akbar, tell me, whom have you seen?
By Allah, Akbar is worthy to be visited;
Akbar is the best of substitutes for Ahmad the Chosen.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

6

Lekin tumhen tasveer ye karti hai isharat	لیکن تمہیں تصویر یہ کرتی ہے اشارت
Haan majlisiyan rauza-e-jannat ki basharat	ہاں مجلسیاں روضۂ جنت کی بشارت
Ho mahv-e-taharat hai agar qasd-e-ziyarat	ہو محو طہارت ہے اگر قصد زیارت
Hai lazim-o-malzoom ziyarat ko taharat	ہے لازم و ملزوم زیارت کو طہارت
Is qasd pe baithe ho jo sahib-e-nazaro tum	اس قصد پہ بیٹھے ہو جو صاحب نظرو تم
Tajdeed-e-wuzu ashk ke paani se karo tum	تجدید وضو اشک کے پانی سے کرو تم

But this picture gives you a sign:
come, you of the gathering, here is the good news of the garden of paradise!
If you mean to visit him, give yourselves to purification;
purification and the visit go hand in hand.
You discerning ones who sit here with this intent,
renew your ablutions with the water of tears.

7

Likha hai ke thi Hazrat-e-Shabbir ko aadat	لکھا ہے کہ تھی حضرت شبیر کو عادت
Hoti thi namaz-e-sahari se jo faraghat	ہوتی تھی نماز سحری سے جو فراغت
Pehle Ali Akbar hi ko bulwate the Hazrat	پہلے علی اکبر ہی کو بلواتے تھے حضرت
Farmate the karta hoon ibadat mein ibadat	فرماتے تھے کرتا ہوں عبادت میں عبادت
Raushan ho na kyun chashm-e-Husain ibn-e-Ali ki	روشن ہو نہ کیوں چشم حسین ابن علی کی
Karta hoon ziyarat main jamal-e-nabawi ki	کرتا ہوں زیارت میں جمال نبوی کی

It is written that Hazrat Shabbir had this habit:
when he had finished the dawn prayer,
the Hazrat would first send for Ali Akbar,
and say, 'I am adding worship to worship;
why should the eyes of Husain son of Ali not shine?
I am beholding the beauty of the Prophet.'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

8

Karte Ali Akbar to jhuka farq ko mujra
Har martaba mil jaata tha paaon se sar un ka
Tazeem ko hote the khare Sayyid-e-wala
Kehte Ali Akbar ke ye kya karte ho baba
Shah kehte the aadat thi ye mahboob-e-Khuda ki
Tazeem wo karte the Batool-e-Azra ki

کرتے علی اکبر تو جھکا فرق کو مجرا
ہر مرتبہ مل جاتا تھا پاؤں سے سر ان کا
تعظیم کو ہوتے تھے کھڑے سید والا
کہتے علی اکبر کہ یہ کیا کرتے ہو بابا
شہ کہتے تھے عادت تھی یہ محبوب خدا کی
تعظیم وہ کرتے تھے بتول عذرا کی

Ali Akbar would bow his head in greeting;
each time his head would touch his father's feet;
the noble Sayyid would rise to honour him;
Ali Akbar would say, 'Father, what are you doing?'
The King would say, 'This was the habit of God's beloved:
he would rise in honour of Batool, the pure maiden.

9

Ae jaan-e-pidar hai mujhe wajib teri tauqeer
Tu sar se qadam tak hai mere nana ki tasveer
Tab jor ke haathon ko wo nau bada-e-Shabbir
Gardan ko jhuka sharm se karta tha ye taqreer
Bas khatm sharafat hui farzand-e-Ali par
Rakha hai qadam aap ne dosh-e-nabawi par

اے جان پدر ہے مجھے واجب تری توقیر
تو سر سے قدم تک ہے مرے نانا کی تصویر
تب جوڑ کے ہاتھوں کو وہ نو بادۂ شبیر
گردن کو جھکا شرم سے کرتا تھا یہ تقریر
بس ختم شرافت ہوئی فرزندہ علی پر
رکھا ہے قدم آپ نے دوش نبوی پر

Life of your father, I am bound to honour you:
from head to foot you are the image of my grandfather.'
Then, joining his hands, that young shoot of Shabbir
would bow his neck in modesty and say,
'Nobility reached its summit in the son of Ali;
you have set your feet upon the Prophet's shoulders.'

Free to read, copy and share

10

Tab lete the peshani ka bosa shah-e-zi shaan
تب لیتے تھے پیشانی کا بوسہ شہ ذی شان

Kehte the ke sheereen sukhani par teri qurban
کہتے تھے کہ شیریں سخنی پر تری قربان

Zainab ne sune raaz-o-niyaz un ke ye jis aan
زینب نے سنے راز و نیاز ان کے یہ جس آن

Chillai ke donon pe tasadduq ho meri jaan
چلائی کہ دونوں پہ تصدق ہو مری جان

Dekha na koi baap agar Ibn-e-Ali sa
دیکھا نہ کوئی باپ اگر ابن علی سا

Beta bhi suna hai koi hamshakl-e-Nabi sa
بیٹا بھی سنا ہے کوئی ہم شکل نبی سا

Then the glorious King would kiss his forehead
and say, 'I would give my life for your sweet speech.'
When Zainab heard their tender exchange,
she cried, 'May my life be given for you both!
If no father was ever seen like the son of Ali,
has anyone heard of a son like this likeness of the Prophet?'

11

Sun lo Ali Akbar ki ziyarat ka qareena
سن لو علی اکبر کی زیارت کا قرینہ

Pehle to kudoorat se karo saaf ye seena
پہلے تو کدورت سے کرو صاف یہ سینہ

Phir deeda-e-batin ko karo deeda-e-beena
پھر دیدۂ باطن کو کرو دیدۂ بینا

Ta jalwa numa ho rukh-e-sultan-e-Madina
تا جلوہ نما ہو رخ سلطان مدینہ

Maloom hua safha-e-Quran Ali Akbar
معلوم ہوا صفحۂ قرآں علی اکبر

Tahqeeq hua Kaaba-e-iman Ali Akbar
تحقیق ہوا کعبۂ ایماں علی اکبر

Hear the proper way to visit Ali Akbar:
first cleanse your breast of all rancour;
then make the eye of your inner self an eye that sees,
so that the face of the Sultan of Medina may appear.
Then it is clear that Ali Akbar is a page of the Quran;
it is certain that Ali Akbar is the Kaaba of faith.

Free to read, copy and share

12

Quran ki tashbeeh ye is dil ne batai
قرآن کی تشبیہ یہ اس دل نے بتائی

Peshani-e-anwar hai ke hai lauh-e-talai
پیشانیٔ انور ہے کہ ہے لوح طلائی

Abru se hai Bismillah-e-Quran nazar aayi
ابرو سے ہے بسم اللہ قرآں نظر آئی

Jadwal kashish-e-zulf ki qaron ne dikhai
جدول کشش زلف کی قاروں نے دکھائی

Wo zulf wo beeni alif-o-laam raqam hai
وہ زلف وہ بینی الف و لام رقم ہے

Par meem-e-dahan mil ke ye ik shakl-e-alam hai
پر میم دہن مل کے یہ اک شکل الم ہے

This heart has shown how he is like the Quran:
is that a radiant forehead, or a tablet of gold?
In his brows the Bismillah of the Quran is seen;
the reciters have shown the ruled border in the sweep of his locks;
those locks and that nose are written as alif and lam,
and joined with the meem of his mouth they form Alif Lam Meem.

13

Aur Kaaba-e-dilha ki ye tamseel hai azhar
اور کعبۂ دلہا کی یہ تمثیل ہے اظہر

Ye khaal-e-siyah hai Hajar-ul-Aswad zewar
یہ خال سیہ ہے حجر الاسود زیور

Mehrab-e-haram pesh-e-nazar abru-e-Akbar
محراب حرم پیش نظر ابروے اکبر

Ye chah-e-zaqan hai chah-e-Zamzam ke barabar
یہ چاہ ذقن ہے چہ زمزم کے برابر

Is beeni-e-aqdas ka mujhe dhyan gar aaya
اس بینیٔ اقدس کا مجھے دھیان گر آیا

Kaaba mein dhara noor ka mimbar nazar aaya
کعبہ میں دھرا نور کا منبر نظر آیا

And his likeness to the Kaaba of hearts is plainer still:
this black mole is the Black Stone set as his jewel;
Akbar's brow before us is the prayer-niche of the sanctuary;
this dimple of the chin is the equal of the well of Zamzam.
When I thought of that holy nose,
I saw a pulpit of light set within the Kaaba.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

14

Dekho ke Safa hai rukh-e-Akbar se numayan
Yaan sai mein har dam hai dil-e-Zainab-e-nalan
Kaaba jo siyah posh hai ae sahib-e-irfan
Yaan bhi rukh-e-anwar pe hain gesu-e-pareshan
Is zulf mein paband dil-e-shah-e-umam hai
Zanjeer mein Kaabe ki ye qandeel-e-haram hai

دیکھو کہ صفا ہے رخ اکبر سے نمایاں
یاں سعی میں ہر دم ہے دل زینب نالاں
کعبہ جو سیہ پوش ہے اے صاحب عرفاں
یاں بھی رخ انور پہ ہیں گیسوئے پریشاں
اس زلف میں پابند دل شاہ امم ہے
زنجیر میں کعبے کی یہ قندیل حرم ہے

See, Safa shows in Akbar's face;
here the heart of weeping Zainab runs its sa'i at every moment;
as the Kaaba is draped in black, O knower of God,
so here too dishevelled locks lie on the radiant face.
The heart of the King of the nations is bound in these locks:
it is the sanctuary lamp hanging on the Kaaba's chain.

15

Kya qadr koi pa-e-mubarak ki suna de
Ye rukn hain Kaaba ke agar fahm Khuda de
Insaf karo tum ko Khuda is ki jaza de
Is rukn ko yun ummat-e-be deen gira de
Hajj tum ne kiya Kaabe ka jab chashm idhar hai
Maani Hajj-e-Akbar ke yahi hain jo nazar hai

کیا قدر کوئی پائے مبارک کی سنا دے
یہ رکن ہیں کعبہ کے اگر فہم خدا دے
انصاف کرو تم کو خدا اس کی جزا دے
اس رکن کو یوں امت بے دین گرا دے
حج تم نے کیا کعبے کا جب چشم ادھر ہے
معنی حج اکبر کے یہی ہیں جو نظر ہے

Who can tell the worth of his blessed feet?
If God grants understanding, they are the pillars of the Kaaba.
Judge fairly, and may God reward you for it:
should a faithless community throw down this pillar so?
If your eyes are on him, you have made the pilgrimage to the Kaaba;
this sight is the meaning of the Greater Pilgrimage.

Free to read, copy and share

16

Sab aate hain Kaabe ne ye hai martaba paaya
سب آتے ہیں کعبے نے یہ ہے مرتبہ پایا

Ye qibla-e-iman-e-hidayat ka jo aaya
یہ قبلۂ ایمان ہدایت کا جو آیا

Aahu-e-haram jaan ke majrooh banaya
آہوے حرم جان کے مجروح بنایا

Aur khoon ka darya tha har ik simt bahaya
اور خون کا دریا تھا ہر اک سمت بہایا

Qurbani ho Kaabe mein ye farman-e-Khuda hai
قربانی ہو کعبے میں یہ فرمان خدا ہے

Ye Kaaba to ummat hi ye qurban hua hai
یہ کعبہ تو امت ہی یہ قربان ہوا ہے

All come to it: such is the rank the Kaaba has won;
but when this qibla of faith and guidance came,
they took him for a deer of the sanctuary and wounded him,
and set rivers of blood flowing on every side.
God commands that sacrifice be made at the Kaaba;
but this Kaaba was itself sacrificed for the community.

17

Husn-e-Ali Akbar to sunaya nahin jaata
حسن علی اکبر تو سنایا نہیں جاتا

Kuchh dil hi maza chashm-e-tasawwur mein hai paata
کچھ دل ہی مزا چشم تصور میں ہے پاتا

Is qad ka agar bagh mein mazkoor hai aata
اس قد کا اگر باغ میں مذکور ہے آتا

Tab sarw angusht-e-shahadat ko uthata
تب سرو انگشت شہادت کو اٹھاتا

Peshani to aaina-e-labrez-e-safa hai
پیشانی تو آئینہ لب ریز صفا ہے

Abru hai ke khud qibla hai aur qibla numa hai
ابرو ہے کہ خود قبلہ ہے اور قبلہ نما ہے

Ali Akbar's beauty cannot be told;
only the heart finds some delight in the eye of imagination.
If this stature is mentioned in a garden,
the cypress raises its forefinger in witness.
His forehead is a mirror brimming with clarity;
his brow is itself a qibla, and points the way to the qibla.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

18

Manind-e-dua-e-sahari qad rasa hai
مانند دعاے سحری قد رسا ہے

Maatha hai ke deebacha-e-anwar-e-Khuda hai
ماتھا ہے کہ دیباچہ انوار خدا ہے

Do zulf ne ik chaand sa munh gher liya hai
دو زلف نے اک چاند سا منہ گھیر لیا ہے

Wasl-e-shab-e-qadr-o-shab-e-meraj hua hai
وصل شب قدر و شب معراج ہوا ہے

Do zulfen hain rukhsar-e-dil afroz bhi do hain
دو زلفیں ہیں رخسار دل افروز بھی دو ہیں

Haan shaam bhi do hain ba Khuda roz bhi do hain
ہاں شام بھی دو ہیں بہ خدا روز بھی دو ہیں

Like a prayer at dawn, his stature reaches high;
his forehead is the preface to the lights of God;
two locks have encircled a moonlike face:
the Night of Power and the Night of Ascension have met.
There are two locks, and two heart-warming cheeks as well:
yes, two evenings, and, by God, two days as well.

19

Hai chashm-e-siyah bas ke tah-e-abru-e-khamdar
ہے چشم سیہ بس کہ تہہ ابروے خم دار

So pancha-e-mizhgan ko uthaye tan-e-beemar
سو پنجۂ مژگاں کو اٹھائے تن بیمار

Mehrab ke neeche ye dua karte hain har baar
محراب کے نیچے یہ دعا کرتے ہیں ہر بار

Is chashm-e-jahan been ko na pahunche koi aazar
اس چشم جہاں بیں کو نہ پہنچے کوئی آزار

Gesu nahin ye sumbul-e-firdaus nishan hain
گیسو نہیں یہ سنبل فردوس نشاں ہیں

Ye chashm nahin nargis-e-shahla-e-jahan hain
یہ چشم نہیں نرگس شہلائے جہاں ہیں

Since the dark eye lies beneath the arching brow,
the languid eye lifts up the hand of its lashes,
and beneath that arch they pray each time:
'May no harm come to this world-seeing eye.'
These are not locks; they are hyacinths that bear the mark of paradise;
these are not eyes; they are the dark-eyed narcissi of the world.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

20

Honton se kaboodi jo atash ki hai namudar
Hota hai dhuan aatish-e-yaqoot se izhar
Ghusse se jo abru mein shikan parti hai har baar
Haala use samjhe hain sarohi ka wo kuffar
Abru jo har ik moo-e-mubarak se bhara hai
Ejaz se shamsheer mein nezon ko dhara hai

ہونٹوں سے کبودی جو عطش کی ہے نمودار
ہوتا ہے دھواں آتش یاقوت سے اظہار
غصے سے جو ابرو میں شکن پڑتی ہے ہر بار
ہالہ اسے سمجھے ہیں سروہی کا وہ کفار
ابرو جو ہر اک موے مبارک سے بھرا ہے
اعجاز سے شمشیر میں نیزوں کو دھرا ہے

The blueness of thirst that shows on his lips
is smoke rising from a fire of rubies;
the furrow that his brow takes on in anger each time
the unbelievers take for the gleam of a Sirohi blade;
his brow, filled with every blessed hair,
has by a miracle set spears within a sword.

21

Is abru-o-beeni mein ye paai gayi soorat
Jis tarah mah-e-eid pe angusht-e-shahadat
Sham-e-haram Haq ne kiya saya-e-wahdat
Gauhar ye naya laaya hai ghawwas-e-tabiat
Matboo har ik shakl se paaya jo raqam ko
Yaan rakh diya naqqash-e-do aalam ne qalam ko

اس ابرو و بینی میں یہ پائی گئی صورت
جس طرح مہ عید پہ انگشت شہادت
شمع حرم حق نے کیا سایۂ وحدت
گوہر یہ نیا لایا ہے غواص طبیعت
مطبوع ہر اک شکل سے پایا جو رقم کو
یاں رکھ دیا نقاش دو عالم نے قلم کو

In these brows and this nose I found this likeness:
like a forefinger pointing at the Eid moon.
God made this lamp of the sanctuary a shadow of His oneness;
the diver of my wit has brought up this new pearl.
Finding every feature written to perfection,
the painter of both worlds laid down his pen here.

Free to read, copy and share

22

Khat jalwa numa aariz-e-gulgoon pe hua hai
خط جلوہ نما عارض گلگوں پہ ہوا ہے

Mushaf ko kisi ne waraq-e-gul pe likha hai
مصحف کو کسی نے ورق گل پہ لکھا ہے

Ye chashm ye qad husn mein ejaz numa hai
یہ چشم یہ قد حسن میں اعجاز نما ہے

Haan ahl-e-nazar sarw mein badam laga hai
ہاں اہل نظر سرو میں بادام لگا ہے

Teeron se siwa tarkash-e-mizhgan ka asar hai
تیروں سے سوا ترکش مژگاں کا اثر ہے

Dushman ke liye reza-e-almas jigar hai
دشمن کے لیے ریزۂ الماس جگر ہے

The first down has appeared on his rosy cheeks:
someone has written the Quran on a rose petal.
This eye and this stature show a miracle of beauty:
look, you who can see, an almond grows on a cypress.
The quiver of his lashes strikes harder than arrows;
to the enemy it is a splinter of diamond in the heart.

23

Kanon ka tah-e-zulf-e-musalsal hai ishara
کانوں کا تہ زلف مسلسل ہے اشارہ

Do phool hain sumbul mein nihan waqt-e-nazara
دو پھول ہیں سنبل میں نہاں وقت نظارا

Kis ko sifat-e-husn-e-bunagosh ka yara
کس کو صفت حسن بنا گوش کا یارا

Khursheed se dekho to tapakta hai sitara
خورشید سے دیکھو تو ٹپکتا ہے ستارا

Chehra araq aaluda dam-e-saf shikani hai
چہرہ عرق آلودہ دم صف شکنی ہے

Khursheed pe har qatra-e-sumbul-e-Yamani hai
خورشید پہ ہر قطرۂ سنبل یمنی ہے

His ears beneath the curling locks give a sign:
to the onlooker they are two flowers hidden in hyacinth.
Who has the power to describe the beauty of his ear-lobes?
Look: a star is dripping from the sun.
In the hour of breaking the ranks his face is beaded with sweat:
every drop upon that sun is a hyacinth of Yemen.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

24

Bargashta mizha us ki ye karti hai ishare
برگشتہ مژہ اس کی یہ کرتی ہے اشارے

Bargashtagi-e-umr ke saman hain saare
برگشتگیٔ عمر کے سامان ہیں سارے

Mizhgan ke ye neze jo khameeda hue bare
مژگاں کے یہ نیزے جو خمیدہ ہوئے بارے

Dharka hai ke neza koi Akbar ko na maare
دھڑکا ہے کہ نیزہ کوئی اکبر کو نہ مارے

Yak chashm zadan mein jo falak us se phire ga
یک چشم زدن میں جو فلک اس سے پھرے گا

Is chashm ke manind ye nezon se ghire ga
اس چشم کے مانند یہ نیزوں سے گھرے گا

His upturned lashes give this sign:
all is ready for his life to turn away.
If these spears of his lashes have bent at last,
it is from dread that some spear may strike Akbar.
When in the blink of an eye the sky turns against him,
he will be ringed with spears, as this eye is with lashes.

25

Lab hain ke hai darya-e-latafat ba sar-e-auj
لب ہیں کہ ہے دریائے لطافت بہ سر اوج

Is auj mein paida yam-e-qudrat ki hui mauj
اس اوج میں پیدا یم قدرت کی ہوئی موج

Hain fard nazakat mein magar dekhne mein zauj
ہیں فرد نزاکت میں مگر دیکھنے میں زوج

Do hont hain aur pyaas ki hai chaaron taraf fauj
دو ہونٹ ہیں اور پیاس کی
ہے چاروں طرف فوج

Band aankhen hain lab khushk
hain aur aalam-e-ghash hai
بند آنکھیں ہیں لب خشک ہیں اور عالم غش ہے

Aur munh mein zaban mahi-e-darya-e-atash hai
اور منہ میں زباں ماہی دریائے عطش ہے

Are those lips, or a river of grace in full flood,
at whose height a wave has risen from the sea of God's power?
In delicacy they are without equal, yet to the eye they are a pair:
two lips, with the army of thirst on every side.
His eyes are closed, his lips are dry, and he is near fainting;
the tongue in his mouth is a fish in a river of thirst.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

26

Kis munh se kare ab koi madh-e-durr-e-dandan
کس منہ سے کرے اب کوئی مدح درد نداں

Kuchh qadr nahin durr-e-Adan ki jahan chandan
کچھ قدر نہیں در عدن کی جہاں چنداں

Taare se chamakne lage jis dam hue khandan
تارے سے چمکنے لگے جس دم ہوئے خنداں

Mazmoon ye hai qabil-e-dushwar pasandan
مضمون یہ ہے قابل دشوار پسنداں

Ye qaida-e-kulli hai na ho madh bashar se
یہ قاعدہ کلی ہے نہ ہو مدح بشر سے

Kulli koi jab tak na kare aab-e-guhar se
کلی کوئی جب تک نہ کرے آب گہر سے

With what mouth can anyone now praise his pearl-like teeth,
beside which the pearls of Aden are worth little?
When he smiled they shone like stars.
This theme is fit only for those who love a hard task.
It is a general rule that no human can praise them
until he has rinsed his mouth with the water of pearls.

27

Gardan hai ke fawwara-e-noor-e-azali hai
گردن ہے کہ فوارۂ نور ازلی ہے

Ye dosh to ham dosh ba dosh-e-nabawi hai
یہ دوش تو ہم دوش بدوش نبوی ہے

Seena hai ke aaina-e-waz-e-ahadi hai
سینہ ہے کہ آئینہ وضع احدی ہے

Dil saaf nazar aata hai aaina yahi hai
دل صاف نظر آتا ہے آئینہ یہی ہے

In saed-o-saqain ke rutbe kaho kya hain
ان ساعدو ساقین کے رتبے کہو کیا ہیں

Ye chaar magar mahi-e-darya-e-safa hain
یہ چار مگر ماہی دریاے صفا ہیں

Is that a neck, or a fountain of the eternal light?
These shoulders stand level with the Prophet's shoulders.
Is that a breast, or a mirror of the nature of the One?
The heart shows clearly: this is the mirror.
Tell me, what is the rank of these forearms and shins?
These four are, as it were, fish in a river of purity.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

28

Pushtinon se ye pusht hai ham pusht-e-payambar	پشتینوں سے یہ پشت ہے ہم پشت پیمبر
Lekin shah-e-mazloom charhe pusht-e-Nabi par	لیکن شہ مظلوم چڑھے پشت نبی پر
Ye pusht pe Shabbir ki baitha hai mukarrar	یہ پشت پہ شبیر کی بیٹھا ہے مکرر
Le farq se ta nakhun-e-pa noor sarasar	لے فرق سے تا ناخن پا نور سراسر
Kya farq hai Musa mein aur is mah liqa mein	کیا فرق ہے موسیٰ میں اور اس ماہ لقا میں
Waan haath mein aur yaan yad-e-baiza kaf-e-pa mein	واں ہاتھ میں اور یاں ید بیضا کف پا میں

For generations this line has stood shoulder to shoulder with the Prophet;
but the wronged King rode upon the Prophet's back,
and this one has sat again and again on Shabbir's back.
From the crown of his head to the nails of his feet he is all light.
What is the difference between Moses and this moon-faced one?
There the White Hand was in the hand; here it is in the sole of the foot.

29

Aur tan pe silah-e-kharbi khoobi saja hai	اور تن پہ سلاح خربی خوبی سجا ہے
Ye khod nahin saya-e-afzal-e-Khuda hai	یہ خود نہیں سایہ افضال خدا ہے
Neza nahin Shabbir ka ye dast-e-dua hai	نیزہ نہیں شبیر کا یہ دست دعا ہے
Ya Bano-e-maghmoom ki faryad rasa hai	یا بانوئے مغموم کی فریاد رسا ہے
Chaar aaine mein chaar taraf aks pare hain	چار آئینے میں چار طرف عکس پڑے ہیں
Ya bahr-e-madad Panchtan-e-pak khare hain	یا بہر مدد پنج تن پاک کھڑے ہیں

And on his body the weapons of war are finely arrayed:
this is no helmet but the shadow of God's favours;
this is no spear but Shabbir's hand raised in prayer,
or the far-reaching cry of grieving Bano.
In the four plates of his breastplate reflections fall on four sides:
or the pure Panjtan stand there to help him.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

30

Shabbir to is ke tan-e-aariz pe fida hai — شبیر تو اس کے تن عارض پہ فدا ہے

Zainab ka to poochho na jo kuchh haal hua hai — زینب کا تو پوچھو نہ جو کچھ حال ہوا ہے

Abid ko qalaq is ki judai ka bara hai — عابد کو قلق اس کی جدائی کا بڑا ہے

Bano ka to sar khaak pe is gham se jhuka hai — بانو کا تو سر خاک پہ اس غم سے جھکا ہے

Ye chaar nahin phool jo tazeen-e-sipar hain — یہ چار نہیں پھول جو تزئین سپر ہیں

Bala-e-sipar chaaron ke ye daagh-e-jigar hain — بالائے سپر چاروں کے یہ داغ جگر ہیں

Shabbir would give his life for his form and face;
do not ask what has become of Zainab;
Abid is in great anguish at parting from him;
Bano's head is bowed to the dust with this grief.
These are not four flowers that adorn the shield:
they are the scars on the hearts of these four, set on the shield.

31

Ye tegh kaleed-e-dar-e-iqbal-o-zafar hai — یہ تیغ کلید در اقبال و ظفر ہے

Har simt ko wa jis ke liye zakhm ka dar hai — ہر سمت کو وا جس کے لیے زخم کا در ہے

Halqa ye zirah ka nahin tan rashk-e-qamar hai — حلقہ یہ زرہ کا نہیں تن رشک قمر ہے

Sau tan se mila deeda-e-arbab-e-nazar hai — سو تن سے ملا دیدۂ ارباب نظر ہے

Ghora to hai khaki pe khameer aab-e-baqa hai — گھوڑا تو ہے خاکی پہ خمیر آب بقا ہے

Garmi mein jo aatish hai to surat mein hawa hai — گرمی میں جو آتش ہے تو سرعت میں ہوا ہے

This sword is the key to the door of fortune and victory;
for it the door of a wound stands open on every side.
These are not the rings of his mail: his body is the envy of the moon,
and a hundred eyes of the discerning are pressed against it.
His horse is of earth, but its clay is kneaded with the water of life:
in heat it is fire, in speed it is wind.

Free to read, copy and share

32

Main chashm-e-tasawwur mein laga khenchne tasveer
میں چشم تصور میں لگا کھینچنے تصویر

Bas zehn mein surat se na thehra kisi tadbeer
بس ذہن میں سرعت سے نہ ٹھہرا کسی تدبیر

Jab bandish-e-mazmoon mein baandha dam-e-tahreer
جب بندش مضمون میں باندھا دم تحریر

Di kilk ne aawaz pari ko kiya taskheer
دی کلک نے آواز پری کو کیا تسخیر

Dheeli jo hui baag tasawwur ki idhar se
ڈھیلی جو ہوئی باگ تصور کی ادھر سے

Jun umr-e-rawan ho gaya madoom nazar se
جوں عمر رواں ہوگیا معدوم نظر سے

In the eye of my imagination I began to draw its picture,
but it was so swift that no device could hold it in my mind;
when, as I wrote, I bound it fast in a theme,
my pen cried out that it had captured a fairy;
but when the rein of my imagination slackened on this side,
like passing life it vanished from sight.

33

Is ghore ki surat kaho kyun kar karoon marqoom
اس گھوڑے کی سرعت کہو کیوں کر کروں مرقوم

Jun harf-e-ghalat harf hue jaate hain madoom
جوں حرف غلط حرف ہوئے جاتے ہیں معدوم

Kaunain mein ye tez rawi ke jo hain mafhoom
کونین میں یہ تیز روی کے جو ہیں مفہوم

Yaan hota hai maloom na waan hota hai maloom
یاں ہوتا ہے معلوم نہ واں ہوتا ہے معلوم

Marqoom sana safha-e-kaghaz pe jahan ho
مرقوم ثنا صفحۂ کاغذ پہ جہاں ہو

Har harf waheen morche ki tarah rawan ho
ہر حرف وہیں مورچے کی طرح رواں ہو

Tell me, how can I set down the speed of this horse?
The letters vanish like a word struck out.
Whatever swiftness means in both worlds
is known neither here nor there.
Wherever its praise is written on the page,
every letter at once runs off like an ant.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

34

Kyun momino tasveer-e-payambar nazar aayi
کیوں مومنو تصویر پیمبر نظر آئی

Lekin tumhen kis waqt mein soorat ye dikhai
لیکن تمہیں کس وقت میں صورت یہ دکھائی

Jab baap mein aur bete mein hoti hai judai
جب باپ میں اور بیٹے میں ہوتی ہے جدائی

Bas khush hain ke hum ne bhi raza jang ki paai
بس خوش ہیں کہ ہم نے بھی رضا جنگ کی پائی

Khud qaid-e-musibat se to aazad hue hain
خود قید مصیبت سے تو آزاد ہوئے ہیں

Maan baap yahan muft mein barbad hue hain
ماں باپ یہاں مفت میں برباد ہوئے ہیں

Well, believers, have you seen the image of the Prophet?
But at what a moment I have shown you this face:
when father and son are being parted.
He is glad only that he too has been given leave to fight;
he himself is set free from the prison of affliction,
while here his mother and father are ruined for nothing.

35

Atharahwan saal ho gaya aisa use bhari
اٹھارہواں سال ہوگیا ایسا اسے بھاری

Ye tegh-e-nazar kis ki use lag gayi kaari
یہ تیغ نظر کس کی اسے لگ گئی کاری

Maan baap ki barbad huin hasraten saari
ماں باپ کی برباد ہوئیں حسرتیں ساری

Yun saamne se chaand si tasveer sidhari
یوں سامنے سے چاند سی تصویر سدھاری

Hasrat ka muradon ka ye armaan ka din tha
حسرت کا مرادوں کا یہ ارمان کا دن تھا

Atharah baras paal ke ye maut ka sin tha
اٹھارہ برس پال کے یہ موت کا سن تھا

His eighteenth year weighed so heavily upon him;
whose evil eye struck him like a mortal sword?
All the hopes of his mother and father were ruined;
so the moonlike image went from before their eyes.
This was the day of longings, of wishes, of dreams;
after eighteen years of raising him, this was his age to die.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

36

Maan hati kehti beta mujhe pasa apne bulao
ماں ہتی کہتی بیٹا مجھے پسا اپنے بلاؤ

Shah kehte the is seene ki aatish ko bujhao
شہ کہتے تھے اس سینے کی آتش کو بجھاؤ

Sajjad ye chillate the bistar se uthao
سجادیہ چلاتے تھے بستر سے اٹھاؤ

Kehti thi Sakina mujhe topi to pinhao
کہتی تھی سکینہ مجھے ٹوپی تو پنہاؤ

Zainab yahi kehti thi ke ae sahibo kya hai
زینب یہی کہتی تھی کہ اے صاحبو کیا ہے

Atharah baras wala bhi marne ko chala hai
اٹھارہ برس والا بھی مرنے کو چلا ہے

His mother was saying, 'Son, call me to your side;'
the King was saying, 'Quench the fire in this breast;'
Sajjad was crying, 'Lift me from my bed;'
Sakina was saying, 'Put my cap on me;'
Zainab kept saying, 'Good people, what is this?
The eighteen-year-old too is going off to die!'

37

Akbar ka ye aalam hai ke bas ru ba qaza hain
اکبر کا یہ عالم ہے کہ بس رو بہ قضا ہیں

Ik muntazir-e-aamad-e-shah-e-shuhada hain
اک منتظر آمد شاہ شہدا ہیں

Kehne se jo chhutte hain to mashghool-e-buka hain
کہنے سے جو چھٹتے ہیں تو مشغول بکا ہیں

Jis roz se paida hue wo noor-e-Khuda hain
جس روز سے پیدا ہوئے وہ نور خدا ہیں

Us roz se maan baap ki chhaati ke tale hain
اس روز سے ماں باپ کی چھاتی کے تلے ہیں

Aur aaj nikalte hain to marne ko chale hain
اور آج نکلتے ہیں تو مرنے کو چلے ہیں

Akbar's state is such that he stands face to face with death;
he waits only for the King of the martyrs to come;
when he stops speaking, he gives himself to weeping.
From the day he was born, that light of God
has been held close to his mother's and father's breasts;
and today, when he goes out, he goes to die.

Free to read, copy and share

38

Beta to udhar waaste marne ke sidhara
بیٹا تو ادھر واسطے مرنے کے سدھارا

Yaan shah ne sar chob-e-dar-e-khema se maara
یاں شاہ نے سر چوب در خیمہ سے مارا

Bano ne idhar haaye pisar jab ke pukara
بانو نے ادھر ہائے پسر جب کہ پکارا

Ghoonsa sa laga aa ke kaleje mein dobara
گھونسا سا لگا آ کے کلیجے میں دوبارا

Kehte hain ke hain saamne jaate Ali Akbar
کہتے ہیں کہ ہیں سامنے جاتے علی اکبر

Lekin nahin hum ko nazar aate Ali Akbar
لیکن نہیں ہم کو نظر آتے علی اکبر

The son went off over there to die;
here the King struck his head against the pole at the tent's door;
when Bano cried out on this side, 'Alas, my son!',
it struck his heart like a second blow.
He says, 'Ali Akbar is going away before me,
but I cannot see Ali Akbar.'

39

Hain khaak pe baithe hue aur farq jhuka hai
ہیں خاک پہ بیٹھے ہوئے اور فرق جھکا ہے

Farmate hain ye masnad-e-shah-e-shuhada hai
فرماتے ہیں یہ مسند شاہ شہدا ہے

Gah sar ko utha kar yahi mazmoon-e-dua hai
کہ سر کو اٹھا کر یہی مضمون دعا ہے

Le aaj ye beta bhi teri nazr kiya hai
لے آج یہ بیٹا بھی تری نذر کیا ہے

Raazi hoon main tu daagh-e-pisar dijiyo mujh ko
راضی ہوں میں تو داغ پسر دیجیو مجھ کو

Par shart ye hai sabr ata kijiyo mujh ko
پر شرط یہ ہے صبر عطا کیجیو مجھ کو

He sits on the dust with his head bowed;
he says, 'This is the seat of the King of the martyrs.'
Now and then he raises his head, and this is his prayer:
'Here, today I have offered this son too to You;
I accept; give me the wound of losing my son,
but on this condition: that You grant me patience.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

40

Adna tera banda hoon so taqat meri kya hai
ادنیٰ ترا بندہ ہوں سو طاقت مری کیا ہے

Is daagh ka dil ho mutahammil to maza hai
اس داغ کا دل ہو متحمل تو مزا ہے

Mera bhi to ab kooch ka saman laga hai
میرا بھی تو اب کوچ کا سامان لگا ہے

Do chaar ghari ka ye pas-o-pesh zara hai
دو چار گھڑی کا یہ پس و پیش ذرا ہے

Bano pe ajab tarah ki aafat ye pari hai
بانو پہ عجب طرح کی آفت یہ پڑی ہے

Ya Rab teri laundi ki mujhe fikr bari hai
یارب تری لونڈی کی مجھے فکر بڑی ہے

I am Your lowliest servant: what strength have I?
If my heart can bear this wound, that is the joy of it.
My own departure too is now being made ready;
this delay is only for an hour or two.
A strange calamity has fallen on Bano;
O Lord, I am deeply troubled for Your handmaid.

41

Aayi thi yahan chhor ke shahi ko wo dilgeer
آئی تھی یہاں چھوڑ کے شاہی کو وہ دل گیر

So tu ne diya tha sharaf-e-bistar-e-Shabbir
سو تو نے دیا تھا شرف بستر شبیر

Aazad kiya laundiyon ko de de ke jageer
آزاد کیا لونڈیوں کو دے دے کے جاگیر

Beta jo mila tha so Muhammad ki thi tasveer
بیٹا جو ملا تھا سو محمد کی تھی تصویر

Haan ek ye daulat use imdad hui hai
ہاں ایک یہ دولت اسے امداد ہوئی ہے

So haath se ummat ke wo barbad hui hai
سو ہاتھ سے امت کے وہ برباد ہوئی ہے

That sorrowing woman came here leaving royalty behind,
and You gave her the honour of Shabbir's bed;
she freed her maids, giving them estates;
the son she was given was the image of Muhammad.
Yes, this one treasure was granted to support her,
and it has been ruined at the hands of the community.'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

42

Hai bazu ko thaame hue kunba mera saara
ہے بازو کو تھامے ہوئے کنبہ مرا سارا

Kehti hai ke logo kaho aaya mera pyara
کہتی ہے کہ لوگو کہو آیا مرا پیارا

Neza to abhi us ko kisi ne nahin maara
نیزہ تو ابھی اس کو کسی نے نہیں مارا

Jeeta hai to phir kyun mujhe ab tak na pukara
جیتا ہے تو پھر کیوں مجھے اب تک نہ پکارا

Ab maut ke phande mein mera mah jabeen hai
اب موت کے پھندے میں مرا ماہ جبیں ہے

Be mere to ik aan use chain nahin hai
بے میرے تو اک آن اسے چین نہیں ہے

My whole family is holding her by the arms;
she says, 'People, tell me, has my darling come back?
No one has struck him with a spear yet;
if he is alive, why has he not called me yet?
Now my moon-browed one is in the snare of death;
without me he has no peace for a moment.'

43

Hanste hue aate the jo rukhsat ke irade
ہنستے ہوئے آتے تھے جو رخصت کے ارادے

Kehte the ke amman tumhen ab sabr Khuda de
کہتے تھے کہ اماں تمہیں اب صبر خدا دے

Main ne kaha aahista se sar apna laga de
میں نے کہا آہستہ سے سر اپنا لگا دے

Wari gayi Allah teri pyaas bujha de
واری گئی اللہ تری پیاس بجھا دے

Rukhsat ka sukhan dekh nikalte hue lab se
رخصت کا سخن دیکھ نکلتے ہوئے لب سے

Ki thi abhi kya kya mujhe tasleem adab se
کی تھی ابھی کیا کیا مجھے تسلیم ادب سے

When he came laughing, meaning to take his leave,
he said, "Mother, may God give you patience now."
I said softly, "Lay your head against me;
my life for you; may Allah quench your thirst."
Seeing the word of farewell leave his lips,
how respectfully he had just been bowing to me!

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

44

Ae sahibo ab khaak pe Bano ko bitha do
اے صاحبو اب خاک پہ بانو کو بٹھادو

Kaali kafni ho to mujhe la ke pinha do
کالی کفنی ہو تو مجھے لا کے پنہا دو

Is kokh pe ab khaak ka phaya bhi laga do
اس کوکھ پہ اب خاک کا پھایا بھی لگادو

Jis raah gaya ho wo mujhe raah bata do
جس راہ گیا ہو وہ مجھے راہ بتا دو

Is dhoop mein raahi wo mera laal hua hai
اس دھوپ میں راہی وہ مرا لال ہوا ہے

Ab pyaas se kya jaaniye kya haal hua hai
اب پیاس سے کیا جانیے کیا حال ہوا ہے

Good people, now seat Bano on the dust;
if there is a black mourning shift, bring it and dress me in it;
lay a dressing of dust upon this womb;
show me the road by which he went.
My darling has set out in this burning sun;
who knows what the thirst has brought him to by now?'

45

Zainab ne kaha haaye kahan jaaogi bhabhi
زینب نے کہا ہائے کہاں جاؤگی بھابھی

Roke dar-e-khema ko khare hain shah-e-aali
روکے در خیمہ کو کھڑے ہیں شہ عالی

Asghar tera marta hai utha le use bibi
اصغر ترا مرتا ہے اٹھالے اسے بی بی

Bano ne kaha aah khabar hai mujhe kis ki
بانو نے کہا آہ خبر ہے مجھے کس کی

Asghar se to ummeed nahin chand nafas ki
اصغر سے تو امید نہیں چند نفس کی

Lutti hai kamai meri atharah baras ki
لٹتی ہے کمائی مری اٹھارہ برس کی

Zainab said, 'Alas, where will you go, sister-in-law?
The noble King stands blocking the door of the tent;
your Asghar is dying: lady, pick him up.'
Bano said, 'Ah, what do I know of anyone now?
There is no hope that Asghar has more than a few breaths left;
the earnings of my eighteen years are being plundered.'

Free to read, copy and share

46

Hai yaas ka ye saman suno dasht ka saman
ہے یاس کا یہ ساماں سنو دشت کا ساماں

Waan jaate hain khush khush Ali Akbar soo-e-maidan
واں جاتے ہیں خوش خوش
علی اکبر سوئے میداں

Sab Arsh-e-ilahi ki si shaukat hai wahi shaan
سب عرش الٰہی کی سی شوکت ہے وہی شاں

Aata hai bari dhoom se jaise koi sultan
آتا ہے بڑی دھوم سے جیسے کوئی سلطاں

Kehta hai naqeeb-e-ajal insaf ki ja hai
کہتا ہے نقیب اجل انصاف کی جا ہے

Dekho ke jawan marne ko kya sher chala hai
دیکھو کہ جواں مرنے کو کیا شیر چلا ہے

Such is the scene of despair here; now hear the scene in the wilderness:
there Ali Akbar rides gladly towards the field,
with all the majesty and glory of God's Throne;
he comes in great state, like a sultan.
The herald of death says, 'Be fair:
see what a young lion is going out to die!'

47

Ik simt rakab us ki hai thaame hue hashmat
اک سمت رکاب اس کی ہے
تھامے ہوئے حشمت

Aur ik taraf baag ko pakre hue nusrat
اور اک طرف باگ کو پکڑے ہوئے نصرت

Shatir ki tarah aage qadam maarti daulat
شاطر کی طرح آگے قدم مارتی دولت

Iqbal-o-zafar chatr lagaye pa-e-khidmat
اقبال و ظفر چتر لگائے پئے خدمت

Ik noor se har chaar taraf dasht bhara hai
اک نور سے ہر چار طرف دشت بھرا ہے

Aur husn ne khud ghashiya kandhe pe dhara hai
اور حسن نے خود غاشیا کاندھے پہ دھرا ہے

On one side Glory holds his stirrup,
and on the other Triumph holds his rein;
Fortune runs on ahead like a footman;
Prosperity and Victory hold a parasol over him in service.
The wilderness is filled with light on all four sides,
and Beauty herself carries his saddle-cloth on her shoulder.

Free to read, copy and share

48

Na laakh mein ye raub ki aamad hai na sau mein
نہ لاکھ میں یہ رعب کی آمد ہے نہ سو میں

Dil thaame hue Ahmad-e-Mukhtar jilau mein
دل تھامے ہوئے احمد مختار جلو میں

Rooh-e-Asadullah chali aati hai rau mein
روح اسداللہ چلی آتی ہے رو میں

Aur Fatima rahwar ke peechhe tag-o-dau mein
اور فاطمہ رہوار کے پیچھے تگ ودو میں

Lipti hui bas gard-e-sawari se usi ki
لپٹی ہوئی بس گرد سواری سے اسی کی

Aati hai chali jaan Husain ibn-e-Ali ki
آتی ہے چلی جان حسین ابن علی کی

Such an awe-inspiring coming is found neither in a hundred thousand nor in a hundred:
Ahmad the Chosen rides in his train, clutching his heart;
the spirit of the Lion of God comes sweeping along;
and Fatima runs hard behind his horse;
clinging to the very dust of his riding
comes the soul of Husain son of Ali.

49

Waan fauj mein hairat se har ik shakhs hai takta
واں فوج میں حیرت سے ہر اک شخص ہے تکتا

Har daar ko sakta hai ke bas hil nahin sakta
ہر دار کو سکتہ ہے کہ بس ہل نہیں سکتا

Kehta hai ke dekho to hai kya noor chamakta
کہتا ہے کہ دیکھو تو ہے کیا نور چمکتا

Har uzv se hai husn-e-Khuda dad tapakta
ہر عضو سے ہے حسن خدا داد ٹپکتا

Kya noor hai kya dabdaba kya jalwagari hai
کیا نور ہے کیا دبدبہ کیا جلوہ گری ہے

Khursheed bhi yaan misl-e-chiragh-e-sahari hai
خورشید بھی یاں مثل چراغ سحری ہے

There, in the army, everyone stares in wonder;
each one is so stunned that he cannot move;
each says, 'Look how the light shines!
God-given beauty drips from every limb;
what light, what majesty, what splendour!
Here even the sun is like a lamp at dawn.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

50

Hum Qaisar-e-Rum is ko jo samjhen to baja hai
ہم قیصر روم اس کو جو سمجھیں تو بجا ہے

Faghfoor kahen Cheen ka to is se siwa hai
فغفور کہیں چین کا تو اس سے سوا ہے

Khaqan-e-Khutan gar kahen is ko to khata hai
خاقان ختن گر کہیں اس کو تو خطا ہے

Jinn kahiye to jinn mein ye kahan husn-o-ziya hai
جن کہیے تو جن میں یہ کہاں حسن و ضیا ہے

Wallah khusha baap ke ye jis ka khalaf hai
واللہ خوشا باپ کہ یہ جس کا خلف ہے

Paida hai sharafat se ke ye durr-e-Najaf hai
پیدا ہے شرافت سے کہ یہ در نجف ہے

If we take him for the Caesar of Rome, we are right;
if we call him the Emperor of China, he is more than that;
if we call him the Khaqan of Khotan, that is an error;
call him a jinn, but where among the jinn is such beauty and light?
By Allah, happy the father whose son he is!
His nobility shows that he is a pearl of Najaf.'

51

Nazren do use chal ke aur is fauj mein lao
نذریں دو اسے چل کے اور اس فوج میں لاؤ

Mahkoom ho tum sab use sardar banao
محکوم ہو تم سب اسے سردار بناؤ

Ye chatr-e-murassa sar-e-aqdas pe lagao
یہ چتر مرصع سر اقدس پہ لگاؤ

Shabbir ko bulwa ke ye soorat to dikhao
شبیر کو بلوا کے یہ صورت تو دکھاؤ

Karte hain bahut fakhr gharane pe Nabi ke
کرتے ہیں بہت فخر گھرانے پہ نبی کے

Bas yaan ye muqabil hai Husain ibn-e-Ali ke
بس یاں یہ مقابل ہے حسین ابن علی کے

'Go and give him gifts, and bring him into this army;
make him your commander and all of you serve under him;
hold this jewelled parasol over his holy head;
send for Shabbir and show him this sight.
They take great pride in the Prophet's house:
here this one is a match for Husain son of Ali.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

52

Behtar hai jo bulwa ke kaho kyun shah-e-tanha
بہتر ہے جو بلوا کے کہو کیوں شہ تنہا

Tha husn ka Akbar ke nihayat tumhen dawa
تھا حسن کا اکبر کے نہایت تمہیں دعوا

Ab la ke khara donon ko kar dijiye yak ja
اب لا کے کھڑا دونوں کو کر دیجئے یک جا

Dunya mein pare banda-e-Allah hain kya kya
دنیا میں پڑے بندۂ اللہ ہیں کیا کیا

Go husn ka Akbar ke bhi unwan yahi hai
گو حسن کا اکبر کے بھی عنوان یہی ہے

Kyun ae shah-e-zi shaan kaho shaan yahi hai
کیوں اے شہ ذی شان کہو شان یہی ہے

Better still, send for him and say, "Well, lonely King,
you made great claims for Akbar's beauty;
now bring them both and stand them side by side:
the world is full of Allah's servants of every kind.
Though Akbar's beauty is of this very kind,
tell us, glorious King, is this the glory?"'

53

Tashweesh mein thi fauj ke is mein Ali Akbar
تشویش میں تھی فوج کہ اس میں علی اکبر

Karne lage maidan mein rajaz khwaniyan barh kar
کرنے لگے میداں میں رجز خوانیاں بڑھ کر

Hoon Yusuf-e-gul pairahan-e-sibt-e-payambar
ہوں یوسف گل پیرہن سبط پیمبر

Joya-e-khizan-e-chaman-e-hasrat-e-madar
جویائے خزان چمن حسرت مادر

Nanhiyal se dadhiyal se ye hasab-o-nasab hai
ننھیال سے ددھیال سے یہ حسب و نسب ہے

Ik shah-e-Ajam ek shahanshah-e-Arab hai
اک شاہ عجم ایک شہنشاہ عرب ہے

The army was in this perplexity when Ali Akbar
stepped forward on the field and began to recite his boasts:
'I am the rose-robed Joseph of the Prophet's grandson,
seeking the autumn of the garden of my mother's longing.
This is my lineage on my mother's side and on my father's:
one is the King of Persia, the other the Emperor of Arabia.

Free to read, copy and share

54

Sultan-e-kafan posh hoon dar-e-Haq ka sanasa
سلطان کفن پوش ہوں در حق کا سنا سا

Nashad hoon nikla nahin darman zara sa
ناشاد ہوں نکلا نہیں درمان ذرا سا

Pota shah-e-mardan ka hoon Kisra ka nawasa
پوتا شہ مرداں کا ہوں کسرا کا نواسا

Mazloom ka mazloom hoon aur pyaase ka pyaasa
مظلوم کا مظلوم ہوں اور پیاسے کا پیاسا

Tasveer meri jald mitao koi aa kar
تصویر مری جلد مٹاؤ کوئی آ کر

Barchhi mere seene pe lagao koi aa kar
برچھی مرے سینے پہ لگاؤ کوئی آ کر

I am a sultan in a shroud, one who knows the door of God;
I am sorrowful; no remedy at all has come for me;
I am the grandson of the King of Men, and through my mother of Chosroes;
the wronged son of the wronged, the thirsty son of the thirsty.
Come, someone, and quickly blot out my image;
come, someone, and strike your lance into my breast.'

55

Ye sunte hi lashkar mein talatum hua ik baar
یہ سنتے ہی لشکر میں تلاطم ہوا اک بار

Soche ke yahi hai pisar-e-Haidar-e-Karrar
سوچے کہ یہی ہے پسر حیدر کرار

Targheeb mein to tha Umar-e-Saad-e-bad atwar
ترغیب میں تو تھا عمر سعد بد اطوار

Par mustaid-e-qatl hua ek na zinhar
پر مستعد قتل ہوا ایک نہ زنہار

Kehte the agar lashe pe lashe hi paren ge
کہتے تھے اگر لاشے پہ لاشے ہی پڑیں گے

Is jaan-e-jahan se na laren ge na laren ge
اس جان جہاں سے نہ لڑیں گے نہ لڑیں گے

As soon as they heard this, a tumult rose at once in the army;
they thought, 'This is the son of Haidar-e-Karrar.'
Wicked Umar ibn Saad kept urging them on,
but not one of them would set himself to kill him;
they said, 'Even if corpses fall on corpses,
we will not fight this darling of the world, we will not!'

Free to read, copy and share

56

Lekin yahan Akbar ke hai dil mein yahi bas dhyan
لیکن یہاں اکبر کے ہے دل میں یہی بس دھیان

Is qaum ke haathon se hue qatl chacha jaan
اس قوم کے ہاتھوں سے ہوئے قتل چچا جان

Wallah ke hain gabr se badtar ye musalman
واللہ کہ ہیں گبر سے بدتر یہ مسلمان

Insan jo hote to hamen jaante insan
انسان جو ہوتے تو ہمیں جانتے انسان

Hai dil mein jo armaan bhara saf shikani ka
ہے دل میں جو ارمان بھرا صف شکنی کا

Le naam Ali qasd karo tegh zani ka
لے نام علی قصد کرو تیغ زنی کا

But here in Akbar's heart was only this thought:
'At the hands of these people my dear uncle was killed;
by Allah, these Muslims are worse than fire-worshippers;
were they human, they would know us for human.
Since my heart is full of longing to break their ranks,
take the name of Ali and set about the swordplay.'

57

Bas dosh se chilla wo kaman ka jo utara
بس دوش سے چلا وہ کماں کا جو اتارا

Chille ko bunagosh talak khencha qazara
چلے کو بنا گوش تلک کھینچا قضا را

Tha aariz-o-paikan-o-kaman ka ye ishara
تھا عارض و پیکان و کماں کا یہ اشارا

Khursheed hai aur qaus hai aur us mein sitara
خورشید ہے اور قوس ہے اور اس میں ستارا

Aur us ka ye surat se chala waar ke upar
اور اس کا یہ سرعت سے چلا وار کے اوپر

Paikan tha ek ek ke rahwar ke upar
پیکان تھا ایک ایک کے رہوار کے اوپر

As soon as he took the strung bow down from his shoulder,
he drew the string back to his ear, as fate would have it;
cheek, arrowhead and bow made this sign:
a sun, and the Bow among the stars, and a star within it.
And so swiftly did he loose, blow upon blow,
that an arrowhead stood in every rider's horse.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

58

Akbar ne kaha hai mera mashhoor gharana — اکبر نے کہا ہے مرا مشہور گھرانا

Dastoor nahin pehle koi waar lagana — دستور نہیں پہلے کوئی وار لگانا

Wajib hua tum par mujhe talwar chalana — واجب ہوا تم پر مجھے تلوار چلانا

Kyun zalimo yun Aal-e-Muhammad ko mitana — کیوں ظالمو یوں آل محمد کو مٹانا

Tum sab ko karoon qatl mere saamne kya ho — تم سب کو کروں قتل مرے سامنے کیا ہو

Paani mujhe mil jaaye to larne ka maza ho — پانی مجھے مل جائے تو لڑنے کا مزا ہو

Akbar said, 'My house is famous:
it is not our custom to strike the first blow;
now it has become my duty to use the sword on you.
Why, you tyrants, destroy the family of Muhammad like this?
I could kill you all: what are you before me?
If I had water, there would be some joy in fighting.'

59

Zakhmi hui sab fauj to ghussa unhen aaya — زخمی ہوئی سب فوج تو غصہ انہیں آیا

Jhunjhla ke laeenon ne nishanon ko barhaya — جھنجھلا کے لعینوں نے نشانوں کو بڑھایا

Jalwa alamon ne ba sar-e-fauj dikhaya — جلوہ علموں نے بہ سر فوج دکھایا

Yaan raanon mein shahzade ne ghore ko dabaya — یاں رانوں میں شہزادے نے گھوڑے کو دبایا

Hasti ko jalata tha faqat noor ka shola — ہستی کو جلاتا تھا فقط نور کا شعلہ

Tha jalwa numa chaar taraf Toor ka shola — تھا جلوہ نما چار طرف طور کا شعلہ

When the whole army was wounded, they grew angry;
in a rage the accursed men pushed their banners forward;
the standards showed their splendour at the head of the army;
here the prince pressed his horse with his thighs.
The flame of light itself was burning up existence:
the flame of Sinai shone out on all four sides.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

60

Abr-e-siyah-e-fauj ka aisa hua tughyan
ابر سیہٴفوج کا ایسا ہوا طغیاں

Jo chaand Husain ibn-e-Ali ka hua pinhan
جو چاند حسین ابن علی کا ہوا پنہاں

Maidan mein utha tha ghubar-e-sum-e-aspan
میداں میں اٹھا تھا غبار سم اسپاں

Tareek hua deeda-e-khursheed-e-darakhshan
تاریک ہوا دیدۂ خورشید درخشاں

Jaati thi chali jaan-e-adu chhor ke tan ko
جاتی تھی چلی جان عدو چھوڑ کے تن کو

Akbar ne siya sozan-e-mizhgan se kafan ko
اکبر نے سیا سوزن مژگاں سے کفن کو

So great was the surge of the army's black cloud
that the moon of Husain son of Ali was hidden;
the dust of the horses' hooves rose over the field;
the eye of the shining sun went dark.
The souls of the enemy were leaving their bodies;
Akbar stitched their shrouds with the needles of his lashes.

61

Neze se kahin zakhm lagata kahin shamsheer
نیزے سے کہیں زخم لگاتا کہیں شمشیر

Beeni kahin abru ki kahin chashm ki tasveer
بینی کہیں ابرو کی کہیں چشم کی تصویر

Tha bas ke tamashai wo nau bada-e-Shabbir
تھا بسکہ تماشائی وہ نوبادۂ شبیر

Khursheed ki ainak ko dhare tha falak-e-peer
خورشید کی عینک کو دھرے تھا فلک پیر

Chaar aaina yun tor ke neza wo udhar jaaye
چار آئینہ یوں توڑ کے نیزہ وہ ادھر جائے

Jis tarah ke ainak se nigah saaf guzar jaaye
جس طرح کہ عینک سے نگہ صاف گزر جائے

Here he dealt wounds with the spear, there with the sword:
here the image of his nose, there of his brow, there of his eye.
So intently did the old sky watch that young shoot of Shabbir
that it wore the sun as its spectacles.
His spear would pierce a breastplate and pass out the other side
as the gaze passes clean through spectacles.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

62

Tha aab-e-dam-e-tegh se toofan ka asbab
تھا آب دم تیغ سے طوفان کا اسباب

Thi mauj-e-fana sar se guzarta tha para aab
تھی موج فنا سر سے گزرتا تھا پڑا آب

Darya tha wo lashkar to har ik halqa tha girdab
دریا تھا وہ لشکر تو ہر اک حلقہ تھا گرداب

Aaza-e-bareeda sifat-e-mahi-e-be aab
اعضاے بریدہ صفت ماہی بے آب

Aab-e-dam-e-khanjar pe alamdaron ke dam the
آب دم خنجر پہ علم داروں کے دم تھے

Jab tegh alam ki to alam saaf qalam the
جب تیغ علم کی تو علم صاف قلم تھے

The water of the sword's edge brought on a flood;
it was the wave of death, and the water went over their heads;
that army was a river, and every ring of mail a whirlpool;
severed limbs lay about like fish out of water.
The lives of the standard-bearers hung on the water of the dagger's edge:
when he raised his sword, the standards were cut clean through.

63

Yun miyan ke darmiyan se baahar hui talwar
یوں میان کے درمیان سے باہر ہوئی تلوار

Jun phoot ke baahar nikal aaye badan khaar
جوں پھوٹ کے باہر نکل آئے بدن خار

Ik qatra-e-aab is ko jo kahiye hai sazawar
اک قطرۂ آب اس کو جو کہیئے ہے سزاوار

Aatish magar is aab se hoti thi namudar
آتش مگر اس آب سے ہوتی تھی نمودار

Tha sarw wo neza pe hawa daar badon ko
تھا سرو وہ نیزہ پہ ہوا دار بدوں کو

Wo sarw girata tha magar sarw qadon ko
وہ سرو گراتا تھا مگر سروقدوں کو

So the sword came out from within the scabbard,
as a thorn bursts out through the skin;
it is fitting to call it a drop of water,
yet fire blazed out from that water.
That spear was a cypress, but for the wicked a gallows in the air;
that cypress felled the cypress-tall.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

64

Shamsheer jo thi rang mein almas ki timsal
شمشیر جو تھی رنگ میں الماس کی تمثال

Marjan ki thi shakh ke bas khoon se hui laal
مرجان کی تھی شاخ کہ بس خوں سے ہوئی لال

Teeron ke laeenon ke tawatur pe chale bhaal
تیروں کے لعینوں کے تواتر پہ چلے بھال

Manind-e-zirah thin siparen haathon mein ghirbal
مانند زرہ تھیں سپریں ہاتھوں میں غربال

Thi chashm-e-zirah posh shujaat ke jo bal mein
تھی چشم زرہ پوش شجاعت کے جو بل میں

Ik dam mein giraftar hue daam-e-ajal mein
اک دم میں گرفتار ہوئے دام اجل میں

The sword, in its colour the image of a diamond,
became a branch of coral, so red was it with blood;
the accursed men loosed their arrowheads in unbroken volleys;
the shields in their hands were riddled like sieves, like their mail.
The eyes of the mail-clad, proud in the strength of their courage,
were caught in a moment in the net of death.

65

The kasa-e-sar dushmanon ke thokaren khaate
تھے کاسۂ سر دشمنوں کے ٹھوکریں کھاتے

Wo tukhm-e-shutar murgh ki soorat nazar aate
وہ تخم شتر مرغ کی صورت نظر آتے

Teeron ke uqab apni ye soorat hain dikhate
تیروں کے عقاب اپنی یہ صورت ہیں دکھاتے

Tuma jigar lashkar-e-aada ka banate
طعمہ جگر لشکر اعدا کا بناتے

Majrooh bas ik teer mein sau sau ka jigar ho
مجروح بس اک تیر میں سو سو کا جگر ہو

Jis tarah ke sau danon mein rishte ka guzar ho
جس طرح کہ سودانوں میں رشتے کا گذر ہو

The skulls of the enemy were being kicked about;
they looked like ostrich eggs.
The eagles of his arrows showed themselves thus,
making their prey of the hearts of the enemy army:
with a single arrow the hearts of a hundred were wounded,
as a thread passes through a hundred beads.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

66

Ik aan mein lashkar mutafarriq hua saara
اک آن میں لشکر متفرق ہوا سارا

Ik ja pe thehar kar hua ijma dobara
اک جا پہ ٹھہر کر ہوا اجماع دوبارا

Nara pisar-e-Saad ne sardaron ko maara
نعرہ پسر سعد نے سرداروں کو مارا

Akbar se karo makr koi jald khudara
اکبر سے کرو مکر کوئی جلد خدارا

Zor is mein hain teen aur akela ye jari hai
زور اس میں ہیں تین اور اکیلا یہ جری ہے

Haidar hai payambar hai Husain ibn-e-Ali hai
حیدر ہے پیمبر ہے حسین ابن علی ہے

In a moment the whole army was scattered;
it halted in one place and gathered again.
The son of Saad shouted to the commanders,
'For God's sake, quickly use some trick against Akbar;
he has the strength of three, though this brave one is alone:
he is Haidar, he is the Prophet, he is Husain son of Ali.'

67

Do shakhs the lashkar mein Iraqain ke mashhoor
دو شخص تھے لشکر میں عراقین کے مشہور

Tha Ibn-e-Ali ik to ik Saleh-e-maghroor
تھا ابن علی اک تو اک صالح مغرور

Ustad-e-Arab the fan-e-neza mein wo maqhoor
استاد عرب تھے فن نیزہ میں وہ مقہور

Kuchh mashwara kar kar ke wo lashkar se hue door
کچھ مشورہ کر کر کے وہ لشکر سے ہوئے دور

Ik rubaru Akbar ki zad-o-kusht par aaya
اک روبرو اکبر کی زدوکشت پر آیا

Neze ko hilata hua ik pusht par aaya
نیزے کو ہلاتا ہوا اک پشت پر آیا

There were two men in the army, famous in both Iraqs:
one was Ibn Ali, the other proud Saleh;
those accursed men were the masters of the Arabs in the art of the spear.
After conferring together they rode out from the army:
one came face to face with Akbar to strike and kill,
the other came at his back, shaking his spear.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

68

Donon se gharaz chalne lage neza-e-khoonkhwar
دونوں سے غرض چلنے لگے نیزہ خوں خوار

Gah us ka gahe us ka khare rokte the waar
کہہ اس کا گہے اس کا کھڑے روکتے تھے وار

Ik barq ulatti thi palatti thi har ik baar
اک برق الٹتی تھی پلٹتی تھی ہر اک بار

Ghora tha diya kal ka banaya hua rahwar
گھوڑا تھا دیا کل کا بنایا ہوا رہوار

Neza wo na tha shola-e-jawwala hua tha
نیزہ وہ نہ تھا شعلۂ جوالہ ہوا تھا

Gird-e-mah-e-rukhsar ajab haala hua tha
گرد مہ رخسار عجب ہالہ ہوا تھا

So the bloodthirsty spears of both began to strike;
he stood parrying the blows, now of one, now of the other;
a flash of lightning turned and turned back each time;
his horse was a steed that moved as if made by clockwork.
That was no spear: it had become a whirling flame;
it made a wondrous halo round the moon of his face.

69

Kehte the malak jurat-e-Akbar ye fida hain
کہتے تھے ملک جرأت اکبر یہ فدا ہیں

Goya Uhud-o-Badr mein mahboob-e-Khuda hain
گویا احد وبدر میں محبوب خدا ہیں

Jinn kehte the khud aaj Ali garm-e-wagha hain
جن کہتے تھے خود آج علی گرم وغا ہیں

Do do se to larte hain magar hosh baja hain
دو دو سے تو لڑتے ہیں مگر ہوش بجا ہیں

Hooren yahi kehti thin ke Zahra jo raza den
حوریں یہی کہتی تھیں کہ زہرا جو رضا دیں

Kausar ka bhara jaam abhi la ke pila den
کوثر کا بھرا جام ابھی لا کے پلا دیں

The angels said, 'We give ourselves for Akbar's courage:
it is as if God's beloved were at Uhud and Badr.'
The jinn said, 'Today Ali himself is hot in battle:
he fights two at once, yet keeps his wits about him.'
The houris said, 'If Zahra permits,
we will bring a brimming cup of Kausar and give it to him now.'

Free to read, copy and share

70

Hooron se ye farmati thin Khatoon-e-Qayamat
حوروں سے یہ فرماتی تھیں خاتون قیامت

Ik aadh ghari aur hai ye pyaas ki shiddat
اک آدھ گھڑی اور ہے یہ پیاس کی شدت

Kya howe gi is madar-e-gham deeda ki haalat
کیا ہووے گی اس مادر غم دیدہ کی حالت

Is laal ke lene ko gaye shah-e-wilayat
اس لال کے لینے کو گئے شاہ ولایت

Ik dam mein kaleja ye sinan khaata hai Akbar
اک دم میں کلیجہ یہ سناں کھاتا ہے اکبر

Hooro lab-e-Kausar par chala aata hai Akbar
حورو لب کوثر پر چلا آتا ہے اکبر

The Lady of the Resurrection said to the houris,
'This fierce thirst will last only an hour or so more;
what will become of his grief-stricken mother?
The King of the guardianship has gone to fetch this son;
in a moment Akbar's heart will take this spear;
houris, Akbar is coming to the bank of Kausar.'

71

Yaan waar kiya pusht pe Saleh ne qazara
یاں وار کیا پشت پہ صالح نے قضارا

Akbar ne palat kar waheen neza use maara
اکبر نے پلٹ کر وہیں نیزہ اسے مارا

Itne hi palatne ne ghazab kar diya saara
اتنے ہی پلٹنے نے غضب کردیا سارا

Bas sar ke bal aaya na raha saans ka yara
بس سر کے بل آیا نہ رہا سانس کا یارا

Waan shah gire Bano ko ghash aa gaya ghar mein
واں شاہ گرے بانو کو غش آگیا گھر میں

Ik neze ne surakh kiye teen jigar mein
اک نیزے نے سوراخ کئے تین جگر میں

Here, as fate would have it, Saleh struck from behind;
Akbar turned and speared him then and there;
but that one turning brought the whole calamity down:
he pitched forward on his head, with no strength left to breathe.
There the King fell; in the tent Bano fainted:
one spear had pierced three hearts.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

72

Jab tor kaleje ko gaya pusht mein bhaala
جب توڑ کلیجے کو گیا پشت میں بھالا

Tharra gaye Akbar to utha seene se nala
تھرا گئے اکبر تو اٹھا سینے سے نالا

Allah ri jurat waheen neze ko nikala
اللہ ری جرأت وہیں نیزے کو نکالا

Ghash aa gaya har chand bahut dil ko sambhala
غش آگیا ہر چند بہت دل کو سنبھالا

Jab chhai ajal us dil-e-mayoos ke upar
جب چھائی اجل اس دل مایوس کے اوپر

Kis yaas se sar rakh diya qarboos ke upar
کس یاس سے سر رکھ دیا قربوس کے اوپر

When the lance broke through his heart and came out at his back,
Akbar shuddered, and a cry rose from his breast;
Allah, what courage! He pulled the spear out then and there;
though he struggled hard to hold on, he fainted.
When death spread over that despairing heart,
with what despair he laid his head on the saddle-bow!

73

Thin barchhiyan bhi neze bhi talwaren bhi har su
تھیں برچھیاں بھی نیزے بھی تلواریں بھی ہر سو

Amama bhi purze hua kat kat gaye gesu
عمامہ بھی پرزے ہوا کٹ کٹ گئے گیسو

Kehte the ke aati nahin baba ki kahin bu
کہتے تھے کہ آتی نہیں بابا کی کہیں بو

Ki ghore ne apne se bachane mein tag-o-dau
کی گھوڑے نے اپنے سے بچانے میں تگ و دو

Waris to na tha koi ba juz Panjtan us ka
وارث تو نہ تھا کوئی بہ جز پنج تن اس کا

Jis tarah se chaha kiya tukre badan us ka
جس طرح سے چاہا کیا ٹکڑے بدن اس کا

Lances, spears and swords came from every side;
his turban was torn to shreds, his locks cut away;
he said, 'Nowhere can I catch my father's scent.'
His horse did all it could to save him;
he had no protector there but the Panjtan;
they cut his body to pieces as they pleased.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

74

Shadi se lage chaar taraf log uchhalne
شادی سے لگے چار طرف لوگ اچھلنے

Is shor mein di kooch ki aawaz duhl ne
اس شور میں دی کوچ کی آواز دہل نے

Kehte the ke mat dijiyo zakhmi ko nikalne
کہتے تھے کہ مت دیجیو زخمی کو نکلنے

Bas baag pakar li waheen ghore ki ajal ne
بس باگ پکڑلی وہیں گھوڑے کی اجل نے

Paata na kahin raah nikalne ko wahan tha
پاتا نہ کہیں راہ نکلنے کو وہاں تھا

Ghora sifat-e-takhta-e-taboot rawan tha
گھوڑا صفت تختۂتابوت رواں تھا

On every side men began to leap for joy;
amid this din the drum sounded the march;
they said, 'Do not let the wounded man get away';
and there Death seized the horse's rein.
It could find no way to get out from there;
the horse moved on like a bier.

75

Yaan shah ko nagah dil-e-Akbar ne nida di
یاں شاہ کو ناگہ دل اکبر نے ندا دی

Kya baithe ho waan bajte hain naqqara-e-shadi
کیا بیٹھے ہو واں بجتے ہیں نقارۂ شادی

Nana ki jo tasveer thi aada ne mita di
نانا کی جو تصویر تھی اعدا نے مٹا دی

Hazrat ne waheen khaak pe dastar gira di
حضرت نے وہیں خاک پہ دستار گرادی

Zainab ko sada di ke behan mar gaye Akbar
زینب کو صدا دی کہ بہن مر گئے اکبر

Bhavaj se khabardar safar kar gaye Akbar
بھاوج سے خبردار سفر کر گئے اکبر

Here suddenly Akbar's heart called out to the King:
'Why do you sit there? Over there the drums of rejoicing are beating;
the enemy has blotted out the image of your grandfather.'
The Hazrat threw his turban down in the dust there and then
and called to Zainab, 'Sister, Akbar is dead;
watch over your sister-in-law: Akbar has gone on his journey.'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

76

Likha hai ke nara wahan Shabbir ne maara
لکھا ہے کہ نعرہ وہاں شبیر نے مارا

Jis nare se sab dasht-e-bala hil gaya saara
جس نعرے سے سب دشت بلا ہل گیا سارا

Ghabrata tha yun sher-e-ilahi ka wo pyara
گھبراتا تھا یوں شیر الٰہی کا وہ پیارا

Bachcha kahin jun sher ka khota hai qazara
بچہ کہیں جوں شیر کا کھوتا ہے قضارا

Jab karte the ghul haaye Ali waaye Ali ka
جب کرتے تھے غل ہائے علی وائے علی کا

Tha jhoom raha Arsh janab-e-Ahadi ka
تھا جھوم رہا عرش جناب احدی کا

It is written that Shabbir gave such a cry there
that the whole wilderness of affliction shook;
the darling of God's lion was as distraught
as a lion that by some chance has lost its cub.
When he cried, 'Alas, Ali! Woe, Ali!',
the Throne of the One God swayed.

77

Kehte the malak shah ko Akbar se mila de
کہتے تھے ملک شاہ کو اکبر سے ملادے

Ya to hamen dunya mein utarne ki raza de
یا تو ہمیں دنیا میں اترنے کی رضا دے

Dunya ki raza de hamen aur hukm-e-wagha de
دنیا کی رضا دے ہمیں اور حکم وغا دے

In zalimon ko safha-e-hasti se mita de
ان ظالموں کو صفحۂ ہستی سے مٹا دے

Yaqub hai ye dasht hai Bait-ul-Huzn us ka
یعقوب ہے یہ دشت ہے بیت الحزن اس کا

Haan jald mila Yusuf-e-gul pairahan us ka
ہاں جلد ملا یوسف گل پیرہن اس کا

The angels said, 'Unite the King with Akbar,
or else give us leave to go down into the world;
give us leave for the world, and the order to fight,
and wipe these tyrants off the page of existence.
He is Jacob, and this wilderness is his House of Sorrow:
quickly, restore to him his rose-robed Joseph!'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

78

Khaliq ki sada aayi farishton ko ke jaao
Murda use farzand ka le ja ke dikhao
Nashad ko bichhre hue bete se milao
Shabbir agar maane to dukh dard bataao
Hai is pe musallat kiya is waaste gham ko
Ye sabr-e-Husain ibn-e-Ali bhaata hai hum ko

خالق کی صدا آئی فرشتوں کو کہ جاؤ
مردا اسے فرزند کا لے جا کے دکھاؤ
ناشاد کو بچھڑے ہوئے بیٹے سے ملاؤ
شبیر اگر مانے تو دکھ درد بٹاؤ
ہے اس پہ مسلط کیا اس واسطے غم کو
یہ صبر حسین ابن علی بھاتا ہے ہم کو

The Creator's voice came to the angels: 'Go,
take him and show him the body of his son;
bring the grieving one to the son he has lost;
if Shabbir allows it, share his grief and pain.
I have set this grief upon him for this reason:
this patience of Husain son of Ali is pleasing to Me.'

79

Yaan muttasil-e-fauj jo pahunche shah-e-zi jaah
Har ek se kehte the batao mujhe lillah
Jis khaak pe tum sab ne giraya hai mera mah
Gum ho gaya beta mera roko na meri raah
Hai haq ba taraf ab jo mera haal digar hai
Dunya mein kisi baap ka Akbar sa pisar hai

یاں متصل فوج جو پہنچے شہ ذی جاہ
ہر ایک سے کہتے تھے بتاؤ مجھے للہ
جس خاک پہ تم سب نے گرایا ہے مرا ماہ
گم ہو گیا بیٹا مرا روکو نہ مری راہ
ہے حق بہ طرف اب جو مرا حال دگر ہے
دنیا میں کسی باپ کا اکبر سا پسر ہے

When the noble King came up close to the army,
he said to every one of them, 'For God's sake, tell me
on what dust you have all brought down my moon;
my son is lost; do not bar my way.
I have every right that my state is now so changed:
has any father in the world a son like Akbar?

Free to read, copy and share

80

Tum sab ne mera laal hai kis tarah ka maara
تم سب نے مرا لال ہے کس طرح کا مارا

Sunta hoon ke majrooh kaleja kiya saara
سنتا ہوں کہ مجروح کلیجہ کیا سارا

Mujh baap ko dekho ke raha mahv-e-nazara
مجھ باپ کو دیکھو کہ رہا محو نظارا

Dil hil gaya jab ya abata us ne pukara
دل ہل گیا جب یا ابتا اس نے پکارا

Lo paas ka insan dikhai nahin deta
لو پاس کا انسان دکھائی نہیں دیتا

Ab kuchh mujhe aankhon se sujhai nahin deta
اب کچھ مجھے آنکھوں سے سجھائی نہیں دیتا

What a son of mine you have all killed!
I hear you have wounded his whole heart.
Look at me, his father, who stood lost in watching him:
my heart shook when he called out, "O father!"
See, I cannot see a man standing near me;
now my eyes can make out nothing at all.

81

Sab ghar to mera saaf kiya tum ne jafa se
سب گھر تو مرا صاف کیا تم نے جفا سے

Kaise mere dildar kiye zibah pyaase
کیسے مرے دل دار کیے ذبح پیاسے

Jis shakhs mein hon rahm ke aasar zara se
جس شخص میں ہوں رحم کے آثار ذرا سے

Wo haath mera thaam le ab dar ke Khuda se
وہ ہاتھ مرا تھام لے اب ڈر کے خدا سے

Jis raah sidhara wo mujhe raah bata do
جس راہ سدھارا وہ مجھے راہ بتادو

Bas door se lasha Ali Akbar ka dikha do
بس دور سے لاشہ علی اکبر کا دکھادو

With your cruelty you have swept my whole house clean;
what dear ones of mine you have slaughtered thirsty!
Whoever has the least trace of mercy in him,
let him take my hand now, in fear of God;
show me the road by which he went;
only show me the body of Ali Akbar from afar.

Free to read, copy and share

82

Darte ho to aao meri shamsheer-o-sipar lo
Andesha jo ho dil mein to qaidi mujhe kar lo
Tum gird chalo aur mujhe beech mein dhar lo
Do laal mera mujh ko mere jism se sar lo
Sayyid pe karo rahm musalman samajh kar
Kya taras bhi aata nahin insan samajh kar

ڈرتے ہو تو آؤ مری شمشیر و سپر لو
اندیشہ جو ہو دل میں تو قیدی مجھے کر لو
تم گرد چلو اور مجھے بیچ میں دھر لو
دو لال مرا مجھ کو مرے جسم سے سر لو
سید پہ کرو رحم مسلمان سمجھ کر
کیا ترس بھی آتا نہیں انسان سمجھ کر

If you are afraid, come, take my sword and shield;
if there is fear in your hearts, make me your prisoner;
walk all round me and keep me in your midst;
give me my son, and take the head from my body.
Have mercy on a Sayyid, thinking him a Muslim;
do you feel no pity even thinking him human?'

83

Nagah sada door se ye kaan mein aayi
Kyun qibla-e-hajat bari der lagai
Kis waqt mein Hazrat ne meri yaad bhulai
Is ki khabar amman ne bhi paai ke na paai
Wo saamne mere malak-ul-maut khara hai
Jald aaiye ab dard kaleje mein bara hai

ناگاہ صدا دور سے یہ کان میں آئی
کیوں قبلہ حاجات بڑی دیر لگائی
کس وقت میں حضرت نے مری یاد بھلائی
اس کی خبر اماں نے بھی پائی کہ نہ پائی
وہ سامنے میرے ملک الموت کھڑا ہے
جلد آئیے اب درد کلیجے میں بڑا ہے

Suddenly this voice reached his ears from afar:
'Why, revered father, have you been so long?
At what a moment you have forgotten me!
Has mother heard of this or not?
There stands the Angel of Death before me;
come quickly: the pain in my heart is great.'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

84

Sun kar ye sada kuchh to hua dil ko sahara
Chillaye ke hai dhoondh raha baap tumhara
Hum kya karen beta nahin kuchh jurm hamara
Aakhir hua ja kar ye sar-e-naash guzara
Dekha ke hai baitha hua ghora to zameen par
Tan khaak pe gardan hai dhari khana-e-zeen par

سن کر یہ صدا کچھ تو ہوا دل کو سہارا
چلائے کہ ہے ڈھونڈھ رہا باپ تمہارا
ہم کیا کریں بیٹا نہیں کچھ جرم ہمارا
آخر ہوا جا کر یہ سر نعش گزارا
دیکھا کہ ہے بیٹھا ہوا گھوڑا تو زمیں پر
تن خاک پہ گردن ہے دھری خانۂ زیں پر

Hearing this voice, his heart took some comfort;
he cried out, 'Your father is searching for you;
what can I do, son? The fault is not mine.'
At last he made his way to the body:
he saw the horse sitting on the ground,
the body on the dust, the neck resting in the saddle.

85

Chhaati pe dhara haath hai aur khoon hai ubalta
Tham tham ke lahu saans ke hamrah nikalta
Munh zard hai jis tarah ke khursheed ho dhalta
Maathe pe araq aaya hai aur dil hai uchhalta
Mushtaq-e-pidar der se har chand hain aankhen
Khulti hain kabhi aur kabhi band hain aankhen

چھاتی پہ دھرا ہاتھ ہے اور خوں ہے ابلتا
تھم تھم کے لہو سانس کے ہم راہ نکلتا
منہ زرد ہے جس طرح کہ خورشید ہو ڈھلتا
ماتھے پہ عرق آیا ہے اور دل ہے اچھلتا
مشتاق پدر دیر سے ہر چند ہیں آنکھیں
کھلتی ہیں کبھی اور کبھی بند ہیں آنکھیں

His hand lay on his chest and the blood was welling up;
blood came out haltingly with every breath;
his face was pale like the setting sun;
sweat had come on his brow and his heart was leaping.
Though his eyes had long been longing for his father,
now they opened and now they closed.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

86

Be sakhta us dam shah-e-mazloom pukare
بے ساختہ اس دم شہ مظلوم پکارے

Lo jaan-e-pidar aaye hain hum paas tumhare
لو جان پدر آئے ہیں ہم پاس تمہارے

Bola na gaya jab kiye abru se ishare
بولا نہ گیا جب کیے ابرو سے اشارے

Rakh dijiye naalain ko seene pe hamare
رکھ دیجئے نعلین کو سینے پہ ہمارے

Jeene ki na dunya ki na Kausar ki hawas hai
جینے کی نہ دنیا کی نہ کوثر کی ہوس ہے

Is waqt mujhe zanu-e-madar ki hawas hai
اس وقت مجھے زانوے مادر کی ہوس ہے

Unbidden, the wronged King cried out then,
'See, life of your father, I have come to you.'
He could not speak, so he made signs with his brows:
'Set your sandals upon my breast;
I have no longing for life, nor for the world, nor for Kausar;
at this moment I long only for my mother's lap.'

87

Hazrat ne use god mein pehle to sambhala
حضرت نے اسے گود میں پہلے تو سنبھالا

Phir phool ke manind utha ghore pe daala
پھر پھول کے مانند اٹھا گھوڑے پہ ڈالا

Akbar ne kaha aah mera zakhm hai aala
اکبر نے کہا آہ مرا زخم ہے آلا

Shah ne kaha hai navak-e-dil aur ye nala
شہ نے کہا ہے ناوک دل اور یہ نالا

Is dard ki shiddat mein jo le jaaoon to kyun kar
اس درد کی شدت میں جو لے جاؤں تو کیوں کر

Jeeta ho amman tak tumhen
pahunchaoon to kyun kar
جیتا ہو اماں تک تمہیں پہنچاؤں تو کیوں کر

The Hazrat first took him gently in his arms,
then lifted him like a flower and laid him on the horse.
Akbar said, 'Ah, my wound is raw!'
The King said, 'And this cry is an arrow in my heart;
how can I carry you in such pain?
How can I bring you alive to your mother?

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

88

Gar dard yahi hai to guzar jaao ge Akbar
Maan tak bhi na pahuncho ge ke mar jaao ge Akbar
Bekas pidar-e-peer ko kar jaao ge Akbar
Main bhi waheen jaaoon ga jidhar jaao ge Akbar
Ye aakhiri deedar use dikhlao to behtar
Jeete hue maan tak jo pahunch jaao to behtar

اگر درد یہی ہے تو گزر جاؤ گے اکبر
ماں تک بھی نہ پہنچو گے کہ مر جاؤ گے اکبر
بے کس پدر پیر کو کر جاؤ گے اکبر
میں بھی وہیں جاؤں گا جدھر جاؤ گے اکبر
یہ آخری دیدار اسے دکھلاؤ تو بہتر
جیتے ہوئے ماں تک جو پہنچ جاؤ تو بہتر

If the pain is like this, Akbar, you will pass away;
you will die before you even reach your mother, Akbar;
you will leave your old father helpless, Akbar;
I too will go wherever you go, Akbar.
It would be best if you could let her see you one last time;
it would be best if you could reach your mother alive.'

89

The ba sar-e-uryan to Husain aap rawana
Khud baag ko thaame hue sultan-e-zamana
Kehte the ke ghore qadam aahista barhana
Tu zakhm na Akbar ke kaleje ka dukhana
Farzand ka Bano ke badan choor hai ghore
Ye mujh ko dikhana use manzoor hai ghore

تھے با سر عریاں تو حسین آپ روانا
خود باگ کو تھامے ہوئے سلطان زمانا
کہتے تھے کہ گھوڑے قدم آہستہ بڑھانا
تو زخم نہ اکبر کے کلیجے کا دکھانا
فرزند کا بانو کے بدن چور ہے گھوڑے
یہ مجھ کو دکھانا اسے منظور ہے گھوڑے

Husain himself set off bareheaded,
the Sultan of the age holding the rein himself;
he said, 'Horse, step gently;
do not hurt the wound in Akbar's heart;
the body of Bano's son is shattered, horse;
I mean to show him to her, horse.'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

90

Ghora to rawan hota tha har chand ko tham tham
Har gaam pe bas tootne lagta tha yahan dam
Das bees qadam us ne uthaye na the paiham
Yaan hone laga saans ka bas aur hi aalam
Khema raha nazdeek to itni hi takan mein
Rooh-e-Ali Akbar gayi gulzar-e-jinan mein

گھوڑا تو رواں ہوتا تھا ہر چند کو تھم تھم
ہر گام پہ بس ٹوٹنے لگتا تھا یہاں دم
دس بیس قدم اس نے اٹھائے نہ تھے پیہم
یاں ہونے لگا سانس کا بس اور ہی عالم
خیمہ رہا نزدیک تو اتنی ہی تکاں میں
روح علی اکبر گئی گلزار جناں میں

The horse moved on, however haltingly,
but at every step here his breath began to fail;
it had not gone ten or twenty steps together
when his breathing took a different turn;
the tent was close, yet with that little jolting
the soul of Ali Akbar went to the gardens of paradise.

91

Bano ne yahan dekh liya shah ka saya
Chillai ke sahib kaho Yusuf mera aaya
Tum ne use kis waaste ghore pe litaya
Qarboos pe rukhsar hai kyun us ne jhukaya
Wo daur wo taqat wo tawanai kahan hai
Latkaye hue haath mera sher-e-jawan hai

بانو نے یہاں دیکھ لیا شاہ کا سایا
چلائی کہ صاحب کہو یوسف مرا آیا
تم نے اسے کس واسطے گھوڑے پہ لٹایا
قربوس پہ رخسار ہے کیوں اس نے جھکایا
وہ دور وہ طاقت وہ توانائی کہاں ہے
لٹکائے ہوئے ہاتھ مرا شیر جواں ہے

Here Bano caught sight of the King's shadow;
she cried, 'My lord, tell me, has my Joseph come?
Why have you laid him across the horse?
Why has he bowed his cheek on the saddle-bow?
Where is that vigour, that strength, that might?
My young lion lies with his arms hanging limp!'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

92

Murda nazar aaya use jab muttasil aaye
مردہ نظر آیا اسے جب متصل آئے

Murde hi se milne ke liye haath barhaye
مردے ہی سے ملنے کے لیے ہاتھ بڑھائے

Namoos-e-Muhammad ne ajab shor machaye
ناموس محمد نے عجب شور مچائے

Mil jul ke wo haathon pe utha kheme mein laaye
مل جل کے وہ ہاتھوں پہ اٹھا خیمے میں لائے

Us sher ke murde pe bhi ik raub bara tha
اس شیر کے مردے پہ بھی اک رعب بڑا تھا

Bas khoon mein dooba hua ik chaand para tha
بس خون میں ڈوبا ہوا اک چاند پڑا تھا

When they came close, she saw that he was dead;
she stretched out her arms to embrace the dead;
the women of Muhammad's house raised a terrible cry;
together they lifted him in their arms and brought him into the tent.
Even in death that lion bore a great majesty:
a moon lay there, drowned in blood.

93

Bano ne gharaz baith ke zanu pe liya sar
بانو نے غرض بیٹھ کے زانو پہ لیا سر

Gesu ko utha chaand sa mukhra kiya baahar
گیسو کو اٹھا چاند سا مکھڑا کیا باہر

Chillai ke do sahibo pursa mujhe aa kar
چلائی کہ دو صاحبو پرسا مجھے آکر

Nauha main parhoon tum kaho hai hai Ali Akbar
نوحہ میں پڑھوں تم کہو ہے ہے علی اکبر

Barbad yahan Bano ki daulat gayi logo
برباد یہاں بانو کی دولت گئی لوگو

Atharah baras ki meri mehnat gayi logo
اٹھارہ برس کی مری محنت گئی لوگو

So Bano sat down and took his head on her knee;
lifting his locks, she uncovered his moonlike face;
she cried, 'Good people, come and console me;
I will recite the lament; you say, "Alas, alas, Ali Akbar!"
Here, people, Bano's treasure has been ruined;
the labour of my eighteen years is gone, people!

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

94

Akbar ki wo danaiyan ab lagti hain jun teer
Jab shah se raza jang ki laaye the ba tadbeer
Manzoor ho amman se bhi bakhshaiye ab sheer
Karti thi zaban sharm se luknat dam-e-taqreer
Main ne kaha hum jaan ko waaren Ali Akbar
Sadqe huin ye doodh ki dhaaren Ali Akbar

اکبر کی وہ دانائیاں اب لگتی ہیں جوں تیر
جب شہ سے رضا جنگ کی لائے تھے بہ تدبیر
منظور ہو اماں سے بھی بخشائیے اب شیر
کرتی تھی زباں شرم سے لکنت دم تقریر
میں نے کہا ہم جان کو واریں علی اکبر
صدقے ہوئیں یہ دودھ کی دھاریں علی اکبر

Akbar's wise words now strike me like arrows:
when he had cleverly won the King's leave to fight,
he said, "If you will, mother, forgive me now the debt of your milk,"
and as he spoke his tongue stammered with shyness.
I said, "I would give my life for you, Ali Akbar;
these streams of milk are offered up for you, Ali Akbar."

95

Phir Bano ne us zakhm se haath apna uthaya
Munh apna jhuka kar use aankhon se lagaya
Bas ulfat-e-madar ne jo ik josh sa khaaya
Akbar ka dil us zakhm ke raste nikal aaya
Sab dekhte the fart-e-muhabbat ke chalan se
Ta der wo lipta raha madar ke dahan se

پھر بانو نے اس زخم سے ہاتھ اپنا اٹھایا
منہ اپنا جھکا کر اسے آنکھوں سے لگایا
بس الفت مادر نے جو اک جوش سا کھایا
اکبر کا دل اس زخم کے رستے نکل آیا
سب دیکھتے تھے فرط محبت کے چلن سے
تادیر وہ لپٹا رہا مادر کے دہن سے

Then Bano lifted her hand from that wound,
bowed her face and pressed the wound to her eyes;
when a mother's love surged up within her,
Akbar's heart came out by way of that wound;
all looked on as, in the way of overflowing love,
it clung a long while to his mother's mouth.

Free to read, copy and share

96

Aur aayi sada paani na haath aaya zara sa
اور آئی صدا پانی نہ ہاتھ آیا ذرا سا

Amman main pyaasa raha pyaasa raha pyaasa
اماں میں پیاسا رہا پیاسا رہا پیاسا

Ab chhor do daaman mera ae Haq ki shanasa
اب چھوڑ دو دامن مرا اے حق کی شناسا

Ab marne ko jaata hai Muhammad ka nawasa
اب مرنے کو جاتا ہے محمد کا نواسا

Lashe pe mere aap ne wo bain kiya hai
لاشے پہ مرے آپ نے وہ بین کیا ہے

Is rooh-e-pur armaan ko be chain kiya hai
اس روح پر ارمان کو بے چین کیا ہے

And a voice came: 'Not a drop of water came to my hand;
mother, I stayed thirsty, thirsty, thirsty;
now let go of my robe, you who know God:
now the grandson of Muhammad is going out to die.
You have wailed so over my body
that you have troubled this soul so full of longing.'

97

Ye sunte hi ghash ho gayi Bano jigar afgar
یہ سنتے ہی غش ہو گئی بانو جگر افگار

Sab gird khare ho gaye ghabra ke bas ik baar
سب گرد کھڑے ہو گئے گھبرا کے بس اک بار

Fursat jo mili itni to ba deeda-e-khoonbar
فرصت جو ملی اتنی تو بادیدۂ خوبار

Lashe ko utha le gaye baahar shah-e-abrar
لاشے کو اٹھا لے گئے باہر شہ ابرار

Baqi Ali Asghar ke siwa koi nahin hai
باقی علی اصغر کے سوا کوئی نہیں ہے

Ab khanjar-e-bedad-o-galoo-e-shah-e-deen hai
اب خنجر بے داد و گلوے شہ دیں ہے

Hearing this, heart-wounded Bano fainted;
all crowded round her at once in alarm;
in that moment's respite, with eyes raining blood,
the King of the righteous lifted the body and carried it out.
No one is left now but Ali Asghar;
now it is the cruel dagger and the throat of the King of the faith.

Free to read, copy and share

98

Jis saal kahe wasf ye hamshakl-e-Nabi ke
San barah se unchas the Hijri-e-nabawi ke
Aage to ye andaz-e-sukhan the na kisi ke
Ab sab ye muqallid hue is tarz-e-nawi ke
Das mein kahoon sau mein kahoon ye wird hai mera
Jo jo kahe is tarz mein shagird hai mera

جس سال کہے وصف یہ ہم شکل نبی کے
سن بارہ سے انچاس تھے ہجری نبوی کے
آگے تو یہ اندازہ سخن تھے نہ کسی کے
اب سب یہ مقلد ہوئے اس طرز نوی کے
دس میں کہوں سو میں کہوں یہ ورد ہے میرا
جو جو کہے اس طرز میں شاگرد ہے میرا

The year I wrote this praise of the Prophet's likeness
was the year twelve hundred and forty-nine of the Prophet's Hijra.
Before this, no one had such a manner of speech;
now all have become imitators of this new style.
Among ten or among a hundred I say it; it is my constant refrain:
whoever writes in this style is my pupil.

99

Haan kilk bas ab aage nahin taqat-e-tahreer
Ho aur ziyada teri tahreer mein taseer
Kehta hai Zameer ab ke bara-e-shah-e-dilgeer
Mahboob-e-Ali jaan-e-Nabi Hazrat-e-Shabbir
Is marsiye ka bas ye Khuda mujh ko sila de
Akbar ka tasadduq meri aulad jila de

ہاں کلک بس اب آگے نہیں طاقت تحریر
ہو اور زیادہ تری تحریر میں تاثیر
کہتا ہے ضمیر اب کہ برائے شہ دل گیر
محبوب علی جان نبی حضرت شبیر
اس مرثیے کا بس یہ خدا مجھ کو صلا دے
اکبر کا تصدق مری اولاد جلا دے

Come, pen, enough: there is no strength left to write more;
may your writing have still greater power to move.
Zameer now says: for the sake of the sorrowing King,
the beloved of Ali, the life of the Prophet, Hazrat Shabbir,
may God give me only this reward for this marsiya:
for Akbar's sake, may He keep my children alive.

Printed from https://fzic.org/library/noha/kis-noor-ki-majlis-mein-meri-jalwagari-hai-50015 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.